# Agricultural Innovation Program (AIP) for Pakistan

**AIP-Livestock: Fact Sheet no: 02**


توسیعی مواد برائے دودھ دینے والے جانور

## نوزائیدہ بچھڑوں کی دیکھ بھال

نوزائیدہ بچھڑوں کی بہتر طریقے سے دیکھ بھال کرنے کے عمل میں مثلاً بہتر خوراک، کھڑے رہنے کی جگہ، بہتر صفائی، بیماریوں سے روک تھام اور باقاعدگی سے روزانہ مشاہدہ کرنا شامل ہیں۔

اس توسیعی مواد میں تندرست بچھڑوں کی پیدائش سے لیکر دودھ چھڑوانے کے عرصے تک پرورش/دیکھ بھال کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

**Remember!!!**
**Calf today is your Cow tomorrow!**




(یادرکھیئے آج کا بچھڑا کل کی گائے ہے)

پیدائش کے پہلے گھنٹے کے اندر:

پیدائش کے بعد اس امر کو یقینی بنائیں کہ بچھڑا سانس لے رہا ہے۔ سانس لینے میں دُشواری عموماً تب آتی ہے جب پیدائش میں مشکل پیش آئے۔ اگر پیدائش کے فوراً بعد بچھڑا سانس لینا شروع نہ کرے تو بچھڑے کے منہ اور ناک سے رطوبتیں صاف کریں۔ بچھڑے کو اس طرح لٹائیں کہ اس کا سر باقی جسم سے نیچے ہو یا پچھلی ٹانگوں سے اُٹھا کر کچھ دیر اُوپر نیچے کریں تا کہ منہ اور ناک سے رطوبتیں صاف ہو جائیں۔ سانس لینے کا عمل شروع کرنے کے لیے بچھڑے کے نتھنوں پر تنکے سے گدگدی کریں یا اس کے سر پر ٹھنڈا پانی بھی ڈالا جا سکتا ہے۔

ناف کی صفائی: جب سانس لینے کا عمل بہتر ہو جائے تو بچھڑوں کو بیماریوں سے بچانے کے لیے ضروری ہے کہ اسکی ناف کو صاف کیا جائے۔ مثلاً (Navel-joint-ill) ایک بیماری ہے جو ناف کی گندگی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

ناف کی صفائی تب تک کریں جب تک یہ خشک ہو کر گر نہ جائے اس میں تقریباً (10) دن لگیں گے۔

آئیوڈین کا کمزور محلول (7-10 فیصد) کھلے منہ والے برتن میں ڈال کر ناف اُس میں ڈبوئیں۔

### بیمار بچھڑے کی پہچان: How to recognize a sick calf

بچھڑے کے باقاعدگی سے مشاہدے میں چند اہم باتوں کا خیال رکھیں۔

- ☆ بیمار بچھڑے کا ناک ہمیشہ خشک ہوتا ہے اور جسم کا درجہ حرارت زیادہ ہوتا ہے۔
- ☆ بچھڑے کے سانس لینے کے عمل کو بغور سنیں اور دیکھ لیں کہ سانس لینے میں دشواری تو نہیں۔
- ☆ بچھڑے کی دُم کو دیکھ لیں کہ اس پر خون/گوبر تو نہیں۔
- ☆ اسکی ٹانگیں اور پاؤں دیکھنا۔ پہلے 7 سے 10 دن کی عمر تک اسکی ناف پر سوزش کی علامات یا سُوجن کا معائنہ کریں۔

### بچھڑے کو خشک کرنا ( Dry the calf )

تیز ہوا والے ماحول میں گیلے بچھڑے کو جلدی سردی یا بیماری لگ سکتی ہے۔ پیدائش کے وقت صاف سوکھی گھاس کو صفائی کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

### بچھڑے کی پہچان کرنا (Identify the calf)

نوازئیدہ بچھڑے کی شناخت کا مستقل طریقہ اپنائیں پیدائش کا ریکارڈ مستقل بنیادوں پر اور اچھے طریقے سے رکھیں۔ اور ہر ایک کی پہچان کے لئے مندرجہ ذیل طریقے استعمال کئے جاتے ہیں۔

- ☆ پلاسٹک ٹیگ کانوں میں لگانا۔
- ☆ گردن کے گرد ہار پہنانا جس پہ نمبر لکھے ہوں۔
- ☆ جسم کو ٹھنڈے طریقے سے داغنا۔

اس مواد کی اشاعت ادارہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ بین الاقوامی ترقی (USAID) کے ذریعے امریکی عوام کے تعاون سے ممکن بنائی گئی ہے، تاہم اس کے مندرجات کی ذمہ دار انٹرنیشنل میز اینڈ ویٹ امپروومنٹ سنٹر (CIMMYT) اور اس کے پارٹنرز ہیں۔ ضروری نہیں کہ یہ USAID یا امریکی حکومت کے خیالات کی عکاسی کرتے ہیں۔

## Feeding collostrum (بوھلی پلانے کی اہمیت)

بوھلی: یہ وہ دودھ ہے جو گائے زچگی کے بعد تین یا پانچ دنوں تک دیتی ہے تقریباً بائیس فیصد بچھڑوں میں اموات کی وجہ بیماری سے مدافعت کا نہ ہونا ہے

☆ بوھلی کی صحیح مقدار اور صحیح وقت پر استعمال بچھڑوں کو زندہ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

☆ بوھلی ایک گاڑھا پیلا مادہ ہے جو سُونے والے جانور کے تھنوں سے بچھڑا پیدا ہونے کے بعد نکلتا ہے۔

☆ بوھلی میں نمکیات ،حیاتین اور جراثیم کو ختم کرنے والے مادے (Antibodies) ہوتے ہیں جو بچھڑے کو بیماریوں سے بچاتے ہیں۔ جیسا کہ اگر بوھلی وقت پہ نا پلائی جائے تو بچھڑوں کو دست لگ سکتے ہیں اور اِنکی موت واقع ہو جاتی ہے۔

☆ بوھلی قبض کشا ہوتی ہے اور یہ نظام انہظام میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

☆ بچھڑے میں پیدائش کے 24 گھنٹے بعد بوھلی جذب ہونے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔

☆ اگر بچھڑوں کو پیدائش کے پہلے 12 گھنٹوں میں بوھلی نا پلائی جائے تو اِن میں قوتِ مدافعت ختم ہو جاتی ہے اور بچھڑے مر جاتے ہیں۔

## How mcuh collostrum should be fed

## بوھلی کتنی مقدار میں پلائی جائے؟

بوھلی کی مقدار بچھڑے معدے کے لحاظ سے زیادہ نہ ہو۔ تقریباً بچھڑے کو بوھلی اسکے جسمانی وزن کے 5 فیصد کے حساب سے دینی چاہیے۔
مثلاً اگر بچھڑے کا وزن 40 کلوگرام ہو تو اسکو 2 کلوگرام بوھلی پلانی چاہیے۔

## When should colotrum be fed

## (بوھلی کب پلانی چاہیے)

پیدائش کے فوراً بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر پہلی خوراک پلانی چاہیے۔
دوسری خوراک 6 سے 9 گھنٹے کے اندر دینی چاہیے۔ بوھلی سے پہلے کوئی خوراک نہیں دینی چاہیے۔

## Do not leave the calf with the cow

## (بچھڑے کو ماں سے الگ کرنا)

بچھڑے کو پیدائش کے فوراً بعد ماں سے الگ کر کے صاف ستھری اور خشک جگہ پر رکھنا چاہیے۔

بچھڑے کو ماں کے پاس دودھ لینے کے لیے تب چھوڑیں جب ماں کا حیوانہ صاف ہو۔ بچھڑے اور گائے میں اپنائیت بڑھنے سے بچھڑے کے اندر بوھلی میں موجود جراثیم کو ختم کرنے والے مادوں کو جذب کرنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔

## Hints on calf rearing

**(نوزائیدہ بچھڑے پالنے کے لیے سفارشات)** پہلے چار دنوں میں بوھلی پلانا۔ تھنوں کی تبدیلی مثلاً کبھی ایک تھن سے دودھ تو کبھی دوسرے سے۔ اگر بالٹی سے دودھ پلانا مقصود ہو تو جسمانی وزن کے 10 فیصد حصہ کے حساب سے 5 تا 30 دن کیلئے پلائیں

**Good Calf Management**

***Good calf housing with feed and water present at all times is important!!!!***





☆ پیدائش کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو سکے بوھلی پلائیں اور اس عمل کو چار دن تک بار بار کثرت سے دہرائیں۔
☆ پہلے ماہ ایک تھن کا دُودھ دیں ہر دفعہ تھن کو تبدیل کریں۔
☆ جب بالٹی سے دودھ پلانا مقصود ہو تو دس فیصد بلحاظ جسمانی وزن کا دودھ دیں (5-30 دن تک)
☆ بچھڑے کے معدے کی متوازن بڑھوتری کے لیے اعلیٰ قسم کے چارہ جات اور ونڈہ کھلانا۔
☆ بچھڑے کو صاف اور تازہ پانی پلانا۔
☆ بچھڑے کو دودھ سے چھڑانا Wean calves at
☆ پیدائش کے ایک مہینے بعد دودھ کی مقدار کم کریں، تقریباً جسمانی وزن کا 5% کے حساب سے دودھ دیں یا بتدریج دودھ پلانا کم کریں یہاں تک کے دودھ دھونے سے پہلے اور بعد میں دیں۔
اگر بہترین چارہ اور ونڈہ اچھی مقدار میں دستیاب ہو تو 2 مہینے کی عمر میں دودھ چُھڑوانا چاہیے۔
اگر درمیانی کوالٹی کا چارہ اور ونڈہ دستیاب ہو تو 4 مہینے بعد دودھ چُھڑوانا چاہیے۔
اگر بُری کوالٹی والا چارہ اور ونڈہ دستیاب ہو تو 6 مہینے کی عمر میں دودھ چُھڑوانا چاہیے۔